Department of Housing Preservation & Development

ہیٹ سینسر پروگرام (Heat Sensor Program, HSP)
کرایہ داروں کو نوٹس

اس پراپرٹی کو نیو یارک سٹی کے انتظامی کوڈ کے سیکشن 27-2033.1 کے بموجب، نیو یارک سٹی محکمہ برائے ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (Housing Preservation and Development, HPD) کے ہیٹ سینسر پروگرام (Heat Sensor Program, HSP) میں شرکت کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ HSP افزوں شدہ مانیٹرنگ اور انفورسمنٹ کے مدنظر حرارت کی مکرر خلاف ورزیوں والی عمارتوں کو شناخت کرتا ہے۔ HSP کے تحت، پراپرٹی مالک سے آپ کی عمارت کی ساری اپارٹمنٹس میں مخصوص تقاضے پورا کرنے والے ہیٹ سینسرز نصب کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ مالکان ہیٹ سینسر کے حصول یا تنصیب کے لیے یا ایسے سینسرز کے ریپلیسمنٹ کے لیے جو ٹوٹ پھوٹ یا نا عملی کے سبب ہو، کرایہ داروں کو چارج نہیں کر سکتے۔

مالک پر آپ کو فراہم کرنا لازم ہے:

- یہ انتخاب کرنے کا اختیار کہ ہیٹ سینسر کس کمرے میں نصب کیا جانا چاہیے۔
- ***آپٹ آؤٹ کا سرٹفیکیشن*** فارم مکمل کر کے ہیٹ سینسر کی تنصیب سے انکار کرنے کا اختیار۔ اگر آپ ہیٹ سینسر نصب کروانا **نہیں** چاہتے ہیں تو آپ کو وہ دستخط کردہ فارم مکان مالک کو واپس کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ دستخط کردہ آپٹ آؤٹ کا سرٹیفکیشن فارم مالک کے پاس جمع نہیں کرواتے ہیں تو، مالک ہیٹ سینسر نصب کرنے کے مقصد سے آپ کے اپارٹمنٹ میں رسائی حاصل کرنے کے لیے معقول کوششیں کرنے کا پابند ہے۔
- آپ کی یونٹ میں ہیٹ سینسر کے مدنظر ہیٹ سینسر کی مانیٹرنگ کے نتائج تک رسائی حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات۔
- ٹوٹے ہوئے یا خراب ہیٹ سینسرز کی رپورٹ کرنے کے طریقے سے متعلق معلومات۔

گرمی کے موسم کی مدت میں (1 اکتوبر سے لے کر 31 مئی تک)، HPD شکایات موصول ہوئے بغیر، گرمی اور گرم پانی کے مدنظر کم از کم تقاضے کی تعمیل کے واسطے ہر دو ہفتے پر کم سے کم ایک بار اس عمارت کے معائنے انجام دے گا۔
جس کسی ڈویلنگ یونٹ میں ہیٹ سینسر فراہم اور نصب کیا گیا ہے ان سبھی کے کرایہ داروں پر لازم ہے کہ:

- ڈیوائس کو اچھی حالت میں اور برقرار رکھیں۔
- ڈویلنگ یونٹ پر کرایہ دار کے تصرف کے دوران جو کوئی یونٹ چوری ہو گئی ہو، ہٹا دی گئی ہو، گمشدہ پائی گئی ہو نا قابل عمل مانا گیا ہو اسے بدل دیں، سوائے اس کے کہ مکان مالک ریپلیسمنٹ کرے اور ہر ریپلیسمنٹ کی لاگت کے لیے کرایہ دار پر زیادہ سے زیادہ $50 چارج کرے۔

اگر آپ کو ناکافی گرمی کے معاملے میں مسائل کا سامنا ہوتا ہے تو آپ شکایت دائر کرانے کے لیے 311 پر کال کر سکتے ہیں، 311ONLINE کا استعمال کر سکتے ہیں یا 311MOBILE کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ عمارت کی خلاف ورزیوں کے بارے میں معلومات HPD آن لائن پر جا کر پتہ کر سکتے ہیں: https://www.nyc.gov/site/hpd/about/hpd-online.page۔

ہیٹ سینسر پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم HPD کو www1.nyc.gov/site/hpd/services-and-information/heat-sensors-program.page پر ملاحظہ کریں۔

آپ کے تعاون کا شکریہ۔

یہ پراپرٹی گزشتہ حرارت کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے HPD کے ہیٹ سینسر پروگرام کے لیے منتخب کی گئی ہے۔ آپ ہیٹ سینسرز پروگرام www.nyc.gov/hpd پر ملاحظہ کر کے ہسپانوی، کوریائی، بنگالی، روسی، ہیشین کریول، چینی، عربی، اردو، فرانسیسی اور پولش میں مزید معلومات کے ساتھ اس نوٹس کی کاپی حاصل کر سکتے ہیں۔

This property has been selected for HPD's Heat Sensor Program because of past heat violations. You can get a copy of this notice with more information by visiting Heat Sensors Program at www.nyc.gov/hpd.